**Nafees / Sadiq**

**20-06-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے بہار کے سیوان ضلعے میں پانچ ہزار 900 کروڑ روپے کی لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔

☆ کیلاش مانسرووَر یاترا سکّم کے مقام ناتھولہ سے شروع ہوگئی ہے۔ اس کے لئے 36 یاتریوں کا پہلا گروپ تبت خودمختار خطے میں داخل ہوا۔

☆ ایران کے وزیرخارجہ، مغربی ایشیا میں صورتحال میں کشیدگی کو کم کرنے کے مقصد سے جنیوا میں، جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ نیوکلیئر پر بات چیت کریں گے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے آج دلی، مغربی اترپردیش، راجستھان، گجرات، مدھیہ پردیش اور آسام میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ مانسون اگلے دو تین دن میں شمالی اور وسطی بھارت میں بھی پہنچ جائے گا۔

☆ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ آج Leeds میں ہیڈنگلے کے مقام پر شروع ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM VisiT Bihar**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج بہار کے سیوان ضلعے میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پانچ ہزار 900 کروڑ روپے کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ ان کا تعلق شہری ترقی، گندے پانی کو صاف کرنے، پی ایم آواس یوجنا، ریلویز اور بجلی کے شعبے سے ہے۔ وزیراعظم نے نئی ویشالی -دیوریا ریلوے لائن پروجیکٹ کو بھی ملک کے نام وقف کیا، جو بہار کو اترپردیش سے ملاتی ہے۔ اس پر 400 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئی ہے۔ انھوں نے پاٹلی پتر اور گورکھپور کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس ٹرین کو بھی جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

**S/B PM- Project**

انھوں نے جمہوریہ گنی کے مڑھورا میں جدید ترین انجن تعمیر کی ایک برآمداتی کھیپ کو بھی روانہ کیا۔دریائے گنگا کے تحفظ اور اُس کو صاف ستھرا بنانے کے اپنے عزم کے مطابق جناب مودی نے نمامی گنگے پروجیکٹ کے تحت گندے پانی کو صاف کرنے کے چھ پلانٹس کو بھی ملک کے نام وقف کیا۔ بعد میں آج شام جناب مودی اڈیشہ کے شہر بھوبنیشور جائیں گے اور ریاستی سرکار کا ایک سال پورا ہونے کے موقع پر ریاستی سطح کی ایک تقریب کی صدارت کریں گے۔

**KMY Sikkim**

سکّم میں کیلاش مانسروور یاترا آج Nathula سے شروع ہو گئی ہے۔ گورنر اوم پرکاش ماتھر نے جھنڈی دکھا کر اس یاترا کا آغاز کیا۔ 36 یاتریوں اور افسران کا یہ پہلا گروپ، کیلاش مانسرور کی جانب اپنے سفر کے لئے تبت، خودمختار علاقے میں داخل ہوا۔ چینی افسران، ناتھولا کے پار موجود تھے، جنھوں نے اِن یاتریوں کا خیرمقدم کیا۔ جناب ماتھر نے یاتریوں سے بات چیت کی اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سکم کے گورنر اوم پرکاش ماتھر اور سینئر افسران نے سفر سے پہلے یاتریوں سے بات چیت کی۔ ITBP میں چیف میڈیکل افسر ڈاکٹر سونیا پراشر نے کہا کہ یاتریوں کو صحت سے متعلق سبھی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ ان یاتریوں میں 13 خواتین بھی شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اس گروپ میں 43 سے 69 سال تک کے یاتری شامل ہیں۔

***Dr. Sonia CMO- ITBP***

یہ پہلا گروپ اپنی یاترا 11 سے 12 دن میں مکمل کرکے گینگٹوک واپس آجائے گا۔ اسی دوران آج یاتریوں کا پہلا گروپ سکّم پہنچ جائے گا۔x

**Rev. Prez Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زندگی کے سبھی شعبوں میں معذور افراد کی حوصلہ افزائی کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جدید ترین ٹیکنالوجیز کی مدد سے معذور افراد اب اصل دھارے میں مؤثر طور پر تعاون دے سکتے ہیں۔ صدر جمہوریہ آج دہرہ دون میں بصارت سے محروم افراد کو بااختیار بنانے سے متعلق قومی ادارے کے طلبا سے خطاب کررہی تھیں۔ انھوں نے قومی تعلیمی پالیسی کی تعریف کرتے ہوئے اس پالیسی سے معذور بچوں کے لئے، دیگر بچوں کی طرح کوالٹی تعلیم کی مساویانہ دستیابی کی یقین دہانی ہوگی۔

صدر مرمو نے یہ بھی کہا کہ حکومت Accessible India Campaign کے ذریعے معذور افراد کو بااختیار بنانے اور سماج میں اُن کی مساویانہ شرکت کو یقینی بنانے کی پابند ہے۔

***1400- President Promoting***

اس سے پہلے صدر جمہوریہ نے دہرہ دون میں راشٹرپتی نکیتن اور راشٹرپتی تپووَن کا افتتاح کیا۔ یہ دونوں مقامات اس مہینے کی 24 تاریخ سے عوام کے لئے کھولے جائیں گے۔x

**Piyus Goyal**

کامرس و صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گویل نے کہا ہے کہ بھارت جلد ہی، عالمی اختراع کا مرکز بن جائے گا۔ مرکزی وزیر نے یہ بات کل Sir Ian Blatchford سے گفتگو کے دوران کہی۔ جو لندن کے Future Frontiers Fourm میں سائنس میوزیم گروپ کے چیف ایگزیکٹو ہیں۔ جناب گویل نے کہا کہ بھارت اگلے دس سے 15 سال میں اختراع کے ایکو نظام میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کرے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت، سبسڈی، امداد اور رقم فراہم کرکے مدد کرے گی۔ تاکہ بھارت، ٹیکنالوجی میں جدید ترین مقام حاصل کرسکے۔ جناب گویل نے بات چیت کے دوران، ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے اور اختراع کے شعبے میں بھارت کی ترقی کو اجاگر کیا اور بتایا کہ دنیا، کس طرح ہنرمندی کی صلاحیت، کم خرچ طریقہ کار اور AI میں بڑھتی ہوئی صلاحیتوں نیز ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز سے فائدہ اٹھا سکتی ہے۔

***1400- Piyush goyal***

**Yoga Day Country**

وزارت ثقافت، ملک بھر میں، سیاحت پر مبنی 100 مشہور مقامات اور دیگر 50 ثقافتی مقامات پر یوگ کے بین الاقوامی دن کے موقع پر، یوگ کے اجلاس منعقد کرے گی۔ یہ اجلاس کل سے منعقد ہوں گے۔ یہ اجلاس اصل تقاریب سے الگ منعقد کئے جائیں گے، جس کا اہتمام آیوش کی وزارت وشاکھاپٹنم میں کررہی ہے اور اِس تقریب میں وزیراعظم نریندر مودی شرکت کریں گے۔

***Final Yoga Jingle***

**Iran Israil**

مغربی ایشیاء میں کشیدہ صورتحال کو فوری طور پر بہتر بنانے کے ایک اقدام کے تحت ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی آج جنیوا میں جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق 3 یوروپی ملکوں کے وزارتی وفد ایران کے وزیر خارجہ کے ساتھ ایٹمی معاملے پر بات چیت کرنے سے قبل جنیوا میں جرمنی کے مستقل مشن میں یوروپی یونین کی اعلیٰ سفارتکار Kaja Kallas سے ملاقات کریں گے۔ دوسری طرف روس نے کہا ہے کہ ایران میں سرکار کی تبدیلی ناقابل قبول ہوگی۔x

**IMD**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج ہریانہ، دلّی، مغربی اترپردیش، راجستھان، گجرات خطہ، کونکن اور گوا ، مدھیہ پردیش، اُڈیشہ، اتراکھنڈ، اروناچل پردیش، آسام اور بہار میں دور دراز کے مقامات پر تیز بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے چھتیس گڑھ، مشرقی اترپردیش، جھارکھنڈ ، مدھیہ مہاراشٹر، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں بھی تیز سے بہت تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمہ نے کہا ہے کہ مانسون اگلے دو سے تین دنوں کے دوران شمال اور وسطی بھارت کی سمت بڑھ جائے گا۔ IMD کے مطابق بہار، ہریانہ، دلّی ، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ اور پنجاب میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔x

**Rev-India-Eng Cricket Test**

کرکٹ میں آج Leeds کے Headingley میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تیندولکر-اینڈرسن ٹرافی کے تحت پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے سے شروع ہوگا۔ روہت شرما اور وراٹ کوہلی جیسے سینئر بلے بازوں کی غیر موجودگی میں اب سب کی نگاہیں بھارت کے نئے کپتان Shubman Gill پر ہوں گی۔اینڈرسن-تیندولکر ٹرافی کا کل سرکردہ کھلاڑیوں جیمس اینڈرسن اور سچن تیندولکر کی موجودگی میں آغاز کیا گیا۔x

**Chhatisgarh Encounter**

چھتیس گڑھ میں آج سیکورٹی فورسز کے ساتھ تصادم میں ایک نکسلی عورت ماری گئی۔ یہ جھڑپ Kanker ضلعے کے Amatola اور Kalpar علاقے کے جنگلاتی علاقے میں ہوئی۔ خفیہ اطلاع ملنے پر ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ اور سرحدی حفاظتی فورس کی مشترکہ ٹیم کو کارروائی کے لیے وہاں بھیجا گیا اور اُس کے بعد سیکورٹی دستوں اور نکسلیوں کے درمیان رُک رُک کر گولی باری ہوتی رہی۔ تصادم کی جگہ اور آس پاس کے علاقے میں سیکورٹی فورسز تلاش کی بڑی کارروائی کررہے ہیں۔ x

## Punjab Drugs

پنجاب میں BSF کے اہلکاروں نے امرتسر میں ایک گاؤں کے نزدیک ایک کھیت سے 7 کلو گرام سے زیادہ ICE Methamphetamine برآمد کی۔ ذرائع نے دعوٰی کیا ہے کہ حالیہ دنوں میں پنجاب میں ضبط کی جانے والی Synthetic منشیات کی یہ اب تک کی سب سے بڑی مقدار ہے۔ مخصوص خفیہ اطلاع ملنے پر فوجیوں نے پاکستان سے متصل امرتسر کے سرحدی علاقے میں کل رات دیر گئے کارروائی شروع کی اور ایک ڈرون کی نقل و حرکت کا نوٹس لیا گیا، جسے ناکارہ بنادیا گیا۔ علاقے کی پوری جانچ پڑتال کے بعد ایک ڈرون برآمد کیا گیا، جس میں ICE کے 7 پیکٹ کے ساتھ ایک سیاہ رنگ کا بڑا Bag بندھا ہوا تھا۔x

## Air India Flight Cancel

Air India نے Operational اور دیکھ بھال سے متعلق وجوہات سے کئی بین الاقوامی پروازوں کی خدمات معطل اور کم کردی ہیں۔ ایک بیان میں Air India نے کہا ہے کہ بوئنگ 787 اور 777 طیاروں کی خدمات میں کمی، رضا کارانہ طور پر پرواز سے پہلے کی سیکورٹی جانچ کے ساتھ ساتھ مشرق وسطٰی میں فضائی حدود کی بندش سدے پیدا ہونے والی اضافی پرواز کے دورانیے کو Adjust کرنے کے فیصلے سے پیدا ہوئی ہے۔x

## DGFT Allooys Import

ڈائریکٹوریٹ جنرل آف فارن ٹریڈ DGFT نے وزن کے لحاظ سے ایک فیصد سے زیادہ سونے پر مشتمل بعض مرکب دھاتوں کی درآمد پر پابندی لگا دی ہے۔DGFT نے ایک بیان میں کہا کہ ایک فیصد سے زیادہ سونے کے Polladium، Rhodium اور Iridium دھاتوں کی درآمدات پر فوری اثر سے پابندی عائد کی جاتی ہے۔x

---